سعودی عرب میں گرفتار ہونے والے پاکستانیوں کے پریشان حال خاندان سے الطاف حسین کا اظہار ہمدردی

پریشان حال خاندان کی امداد کیلئے بھرپور کوششیں کرنے پر ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری اور حق پرست ارکان اسمبلی کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کرنے کے سلسلے میں سفارتی کوششوں پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور سعودی عرب کی حکومت سے اظہار تشکر

لندن۔۔۔17 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سعودی عرب میں گرفتار ہونے والے پاکستانیوں کے پریشان حال خاندان سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے پریشان حال خاندان کی امداد کیلئے بھرپور کوششیں کرنے پر ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینز اوروفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری، حق پرست ارکان اسمبلی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کرنے کے سلسلے میں سفارتی کوششوں پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کا بھی شکریہ ادا کیا۔انہوں نے اس سلسلے میں مثبت رویہ کا اظہار کرنے پر سعودی عرب کی حکومت کا بھی شکریہ ادا کیا۔

لاہور میں سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر حملے میں ملوث دہشت گردوں کے جماعت اسلامی کے ہیڈکوارٹر منصورہ سے تعلق کی تحقیقات کرائی جائے۔سلیم شہزاد

جن لوگوں نے بھی سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر حملے اورکئی بے گناہ پولیس اہلکاروں کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کی معاونت کی ہے ان کو بھی گرفتار کرکے بے نقاب کیا جائے

لندن۔۔۔17 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور میں سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر حملے میں ملوث دہشت گردوں کے جماعت اسلامی کے ہیڈکوارٹر منصورہ سے تعلق کی تحقیقات کرائی جائے۔اپنے ایک بیان میں سلیم شہزاد نے کہا کہ سری لنکا کرکٹ ٹیم پر حملے میں ملوث دہشت گردوں میں سے ایک دہشت گرد زبیر عرف نیک محمد نے آج لاہور میں پولیس افسران کی موجودگی میں میڈیا کو خود بتایا ہے کہ سری لنکا کی ٹیم پر حملے سے دوروز قبل اس نے دیگر دہشت گردوں کے ہمراہ منصورہ میں قیام کیا جہاں دہشت گرد عقیل عرف ڈاکٹر عثمان نے ان کے ٹھہرنے کا انتظام کیا اوراسی نے ان دہشت گردوں کو حملے کیلئے اسلحہ بھی فراہم کیا۔سلیم شہزاد نے کہا کہ منصورہ جماعت اسلامی کا ہیڈکوارٹر ہے لہٰذا حکومت اورتمام ریاستی اداروں کا فرض ہے کہ سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر حملے میں ملوث دہشت گردوں کے جماعت اسلامی کے ہیڈکوارٹر منصورہ سے تعلق کی تحقیقات کرائی جائے اورجن لوگوں نے بھی سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر حملے اورکئی بے گناہ پولیس اہلکاروں کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کی معاونت کی ہے ان کو بھی گرفتار کرکے بے نقاب کیا جائے۔

☆☆☆☆☆